Nestlé Pakistan Ltd.

اطلاع برائے غیر معمولی اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ نیسلے پاکستان لمیٹڈ کا غیر معمولی اجلاسِ عام جمعہ 15 جولائی 2016ء کو 09:00 بجے صبح، 304 اپر مال لاہور پر منعقد ہوگا جس میں مندرجہ ذیل کاروباری امور طے کئے جائیں گے:

عام کاروائی:

1) کمپنیز آرڈیننس 1984 کے سیکشن (1)178 کے تحت نیسلے پاکستان کے ڈائیریکٹران نے (9) نو ڈائیریکٹران کا نمبر تعین کیا ہے جو کہ 15 جولائی 2016ء سے آئندہ (3) تین سال کے لئے کمپنیز آرڈیننس، 1984ء کے سیکشن 178 اور 180 کے تحت منتخب کئے جائیں گے۔ ریٹائر ہونے والے مندرجہ ذیل ڈائریکٹران دوبارہ منتخب ہونے کے اہل ہیں:

i) جناب سید یاور علی	ii) جناب برونو بوریس اولیر ہوک	iii) جناب سید بابر علی
iv) جناب سید حیدر علی	v) جناب جان مائیکل ڈیوس	vi) جناب نوید اے۔خان
vii) جناب عثمان خالد وحید	viii) جناب جان مارٹن ملر	ix) جناب خوان جوسے آرانلز کمپیلو

خصوصی کاروبار:

2) شیئر ہولڈرز مندرجہ ذیل کاروباری امور پر غور وفکر اور ان کی منظوری بطور خصوصی قرارداد دیں گے جیسا کہ کمپنیز آرڈیننس 1984 کے سیکشن 28 کے تحت لازم ہے:

مندرجہ ذیل قرارداد کو نیسلے پاکستان لمیٹڈ کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیم کے لئے بطور خصوصی قرارداد، ترمیم یا اضافوں یا احذاف کے ساتھ یا بغیر منظور کرنا۔

"قرار پایا کہ کمپنیز آرڈیننس 1984 کے سیکشن (b)(1)(160) میں درج اسٹیٹمنٹ کے تحت نیسلے پاکستان لمیٹڈ کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترامیم کی منظوری دی جاتی ہے"

"مزید قرار پایا کہ کمپنی سیکرٹری اور ڈپٹی کمپنی سیکرٹری کو انتظامی اور انفرادی طور پر اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ تمام قواعد کو مدنظر رکھتے ہوئے کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیم کے لئے تمام ضروری ضمنی اور ہنگامی اقدامات کریں اور تمام درکار قانونی فارم پر کریں اور دیگر دستاویزات مکمل کریں جو کمپنیز رجسٹرار کو جمع کرانے کی ضرورت پیش آسکتی ہے اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترامیم کی منظوری اور مذکورہ بالا قرارداد کے اطلاق کے سلسلے میں دیگر تمام ضمنی اور ہنگامی امور کی انجام دہی کی تکمیل کریں"

اجلاس میں خصوصی کاروائی کے تحت زیر غور آنے والے حقائق پر مبنی روئیداد کمپنیز آرڈیننس، 1984 کے سیکشن (b)(1)(160) کے تحت ممبران کو نوٹس کے ہمراہ بھیج دی گئی ہے۔

دیگر کاروباری امور:

3) چیئرمین کی اجازت سے دوسرے امور پر گفت وشنید۔

حسب الحکم بورڈ آف ڈائریکٹران

علی سدوزئی

کمپنی سیکریٹری

21 جون، 2016

نوٹس:

a) کمپنی (نیسلے پاکستان لمیٹڈ) کی شیئرز منتقلی کی کتابیں 6 جولائی 2016ء سے 15 جولائی 2016ء تک بند رہیں گی (بشمول دونوں دن) اور اس دوران شیئرز کی کوئی منتقلی نہیں کی جائے گی۔ ڈیویڈینڈ کی ادائیگی کیلئے درست شیئر ٹرانسفر ڈیڈ 5 جولائی 2016ء تک کمپنی کے شیئرز رجسٹرار سینٹرل ڈپازیٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس B-99، بلاک بی، مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400 پر کاروباری اوقات کار میں وصول ہوجانی چاہئیں۔

b) کمپنیز آرڈیننس، 1984ء کے سیکشن (3)178 کے تحت کوئی فرد جو کمپنی کے ڈائریکٹر کے عہدے کے انتخاب میں حصہ لینے کا امیدوار ہو وہ غیر معمولی اجلاس سے 14 روز قبل کمپنی کے دفتر میں تحریری درخواست جمع کروائے۔ جس میں بطور ڈائریکٹر کام کرنے کی رضامندی درج ہو۔

c) ایسے ممبران جو اجلاس میں شرکت اور ووٹ ڈالنے کے اہل ہیں اپنی بجائے کسی اور ممبر کا تقرر کرسکتے ہیں کہ وہ ان کی جگہ اجلاس میں شرکت کرے اور ووٹ ڈالے۔

d) اپنی جگہ کسی اور ممبر کی اجلاس میں نامزدگی کے لئے فارم ہمارے رجسٹرڈ آفس 308 اپر مال لاہور میں اجلاس کے آغاز سے 48 گھنٹے قبل تک پہنچ جانے چاہئیں۔

e) ایسے شیئر ہولڈرز جن کے شیئر زسینٹرل ڈپازیٹری سسٹم کے تحت ان کے اکاؤنٹ یا ذیلی اکاؤنٹ میں رجسٹرڈ ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے اکاؤنٹ نمبر اور اصلی شناختی کارڈ تصدیق کیلئے ساتھ لائیں۔ پراکسی کی صورت میں شرکت کرنے والا اپنا شناختی کارڈ نمبر، اکاؤنٹ/ذیلی اکاؤنٹ نمبر اور اصل مالک کے شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی ہمراہ لائے گا۔ کارپوریٹ ممبران کا نمائندہ ہونے کی صورت میں وہ عمومی دستاویزات لانا ہوں گی جو ان مقاصد کیلئے ضروری ہوتی ہیں۔

f) ممبران اپنا فولیو نمبر اپنی تمام خط وکتابت اجلاس عام میں شرکت کے موقع پر فراہم کریں گے۔

g) مشترکہ شیئر ہولڈرز کے معاملے میں صرف اس رکن کو اجلاسِ عام میں ووٹ دینے کی اجازت دی جائے گی جس کا نام ہمارے شیئر ہولڈرز کی فہرست میں مرکزی عنوان میں ظاہر ہورہا ہوگا۔

h) شیئر ہولڈر سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پتے میں تبدیلی، بینک کی تفصیل میں تبدیلی کی صورت میں، قابل نافذ زکوۃ ڈیکلریشن، ٹیکس اسٹیٹس، قابل نافذ سرٹیفکیٹ کے ہمراہ اور مشترکہ شیئر ہولڈر ہونے کی صورت میں شیئر ہولڈنگ کا تناسب فوری طور پر ہمارے شیئر رجسٹرار کے پاس جمع کروائیں۔

خصوصی نوٹس برائے شیئر ہولڈرز:

i) کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقول کی حوالگی (لازمی):

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے بذریعہ SRO779(1)/2011 مورخہ 18 اگست 2011، SRO831(I)/2012 مورخہ 5 جولائی، 2012، 2014/SRO19(I) مورخہ 10 جنوری، 2014 میں ضروری قرار دیا ہے کہ تمام ڈیویڈنٹ وارنٹس پر شیئر ہولڈر یا اس کے مجاز شخص کا کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ نمبر کا لکھنا ضروری ہے ماسوائے نابالغ اور کارپوریٹ ممبران کے۔ لہٰذا انفرادی بالغ شیئر ہولڈر یا اس کے مجاز نمائندہ جنھوں نے اپنے تصدیق شدہ شناختی کارڈ کی کاپی ابھی تک کمپنی یا شیئر رجسٹرار کو مہیا نہیں کی وہ کسی بھی قسم کی تکلیف سے بچنے کے لئے جلد از جلد اپنے تصدیق شدہ شناختی کارڈ کی کاپی کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو مہیا کردیں۔ کارپوریٹ اداروں سے درخواست ہے کہ وہ اپنا NTN نمبر فراہم کریں۔

j) ڈیویڈینڈ مینڈیٹ (اختیاری):

کیش ڈیویڈینڈ کی ادائیگی کا طریقہ کار مزید مؤثر بنانے کے لئے ایس ای سی پی (SECP) نے بذریعہ سرکلر نمبر SM/CDC2008/8(4) مورخہ 5 اپریل، 2013 کے ذریعے ہدایات جاری کی ہیں تاکہ شیئر ہولڈرز کا ڈیویڈینڈ بغیر کسی تاخیر کے براہ راست انکے بینک اکاؤنٹ میں جمع کروایا جاسکے۔ لہٰذا شیئر ہولڈرز مستقبل کے تمام ڈیویڈینڈز کے متعلقہ بینک اکاؤنٹس میں براہ راست ادائیگی کیلئے کمپنی کو اختیار دے سکتے ہیں۔ اس لئے سی ڈی سی کے علاوہ شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے درج ذیل پتے پر ارسال کردیں۔ شیئر ہولڈرز جن کے شیئرز بروکر یا سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (CDC) کے پاس ہیں انہیں متعلقہ بروکر/سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کو مینڈیٹ فراہم کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔

ممبران کسی سوال/دشواری/معلومات کے لئے کمپنی کے رجسٹرار اور شیئر ٹرانسفر ایجنٹ سے درج ذیل پتہ، فون/فیکس اور ای میل ایڈریس پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

شیئر رجسٹرار: سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99-بی، بلاک بی، ایس۔ایم۔سی۔ایچ۔ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400

ٹیلی فون: کسٹمر سپورٹ سروسز (ٹول فری) 0800-CDCPL (23275) فیکس: 34326053 (92-21)

ای میل: info@cdcpak.com ویب سائٹ: www.cdcpakistan.com